[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No................**

**Sr. No. of Question Paper : 6626** **L**

Unique Paper Code : 2145001003

Name of the Paper : Study of Urdu Poetry-I

Name of the Course : **Common Prog. Group**

Semester : II

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 90

**Instructions for Candidates**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

**نوٹ: صرف پانچ سوالوں کے جواب لکھیے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔**

ا۔ درج ذیل میں سے کسی ایک کی تشریح مع حوالہ کیجیے۔

(الف)

کہا مجنوں سے یہ لیلیٰ کی ماں نے — کہ بیٹا تو اگر کرلے ایم اے پاس
تو فوراً بیاہ دوں لیلیٰ کو تجھ سے — بلا دقت میں بن جاؤں تری ساس
کہا مجنوں نے یہ اچھی سنائی — کجا عاشق، کجا کالج کی بکواس
کجا یہ فطرتی جوشِ طبیعت — کجا ٹھونسی ہوئی چیزوں کا احساس
بڑی بی! آپ کو کیا ہوگیا ہے؟ — ہرن پر لادی جاتی ہے کہیں گھاس؟
یہ اچھی قدر دانی آپ نے کی — مجھے سمجھا ہے کوئی ہر چرن داس
دل اپنا خون کرنے کو ہوں موجود — نہیں منظور مغز سر کا آماس
یہی ٹھہری جو شرط وصلِ لیلیٰ — تو استعفیٰ مرا با حسرت و یاس

(ب)

دنیا میری بلا جانے، مہنگی ہے یا سستی ہے
موت ملے تو مفت نہ لوں ہستی کی کیا ہستی ہے؟

*P.T.O.*

آبادی بھی دیکھی ہے، ویرانے بھی دیکھے ہیں
جو اجڑے اور پھر نہ بسے ، دل وہ نرالی بستی ہے
جان سی شے بک جاتی ہے، ایک نظر کے بدلے میں
آگے مرضی گاہک کی، ان داموں توسستی ہے
جگ سونا ہے تیرے بغیر، آنکھوں کا کیا حال ہوا
جب بھی دنیا بستی تھی، اب بھی دنیا بستی ہے
آنسو تھے سو خشک ہوئے، جی ہے کہ امڑا آتا ہے
دل پہ گھٹا سی چھائی ہے، کھلتی ہے نہ برستی ہے

۲۔ اردو نظم کے آغاز وارتقا پر ایک مضمون لکھیے۔

۳۔ اکبرؔ الہ آبادی کی نظم نگاری کی فنی خصوصیات بیان کیجیے۔

۴۔ جوشؔ کی انقلابی شاعری پر اظہار خیال کیجیے۔

۵۔ فانیؔ بدایونی کی غزل گوئی کی خوبیاں اجاگر کیجیے۔

۶۔ حسرتؔ کی غزل گوئی کے امتیازات پر روشنی ڈالیے۔

۷۔ جگرؔ کی غزل گوئی کے اسلوب پر تبصرہ کیجیے۔

۸۔ فراقؔ کے کلام کی خصوصیات واضح کیجئے۔